خود ہمارے وطن عزیز میں بھی ایسی ہی کیفیات ہیں۔ جہاں تک حکمران طبقے کا تعلق ہے، بش کی کامیابی ان کے لیے کوئی نعمتِ غیر مترقبہ ہے۔ اس لیے یہ خود کو نہایت آسودہ اور مطمئن خیال کرتے ہیں۔ وجہ شاید یہ ہے کہ واشنگٹن اور اسلام آباد میں جس قدر قربت اس عہد نافرجام میں ہوئی ہے، اس سے پہلے کی تاریخ ایسی نظیر پیش کرنے سے یکسر قاصر ہے۔ مگر عوام الناس بے چارے حرماں نصیب ہیں جو اپنی روشن خیال جدت پسند حکومت کے ہم قدم ہو کر اُمہ کے مصائب و آلام پر خندہ زنی نہیں کر سکتے۔ ان کی اپنی رائے اور سوچ تھی جو عالم برزخ میں رہ گئی اور بش صاحب جنرل پرویز، شیخ رشید اور ہم نواؤں کی دعائے نیم شبی کے طفیل کامیابی سے ہم کنار ہو گئے۔ ہاں مگر کچھ بڑے بوڑھے سوچوں میں ڈبکیاں لیتے ہوئے ایک ہی بات بار بار دہراتے ہیں کہ بش کی جیت دراصل مسلم اُمہ کے خلاف صلیبیوں کا رخِ جفا ہے۔ ''خدا محفوظ رکھے اس بلا سے''

مسافرانِ آخرت

☆ **شیخ الحدیث مولانا محمد انور رحمۃ اللہ علیہ**: دار العلوم کبیر والہ کے مہتمم و شیخ الحدیث مولانا محمد انور ۱۹ رمضان المبارک ۱۴۲۵ھ۔ ۳ نومبر ۲۰۰۴ء بروز بدھ میو ہسپتال لاہور میں بعارضہ جگر انتقال کر گئے۔ مرحوم، حضرت مولانا علی محمد رحمہ اللہ کے فرزند و جانشین تھے۔ اپنے والد ماجد کے صحیح جانشین تھے اور تمام عمر تعلیم و تدریس دین کی خدمات انجام دیں۔

☆ ہمارے دیرینہ کرم فرما جناب ڈاکٹر محمد سلیم سلیمی، انتقال: ۲۵ نومبر ۲۰۰۴ء بروز جمعرات۔ ملتان

☆ ''نقیبِ ختم نبوت'' کے رفیق فکر جناب محمد عمر فاروق (تلہ گنگ) کی دادی مرحومہ، انتقال: ۱۲ نومبر ۲۰۰۴ء۔ کراچی

☆ مجلس احرار اسلام لاہور کے کارکن جناب محمد ارسلان کی والدہ مرحومہ، انتقال: ۲۴ نومبر ۲۰۰۴ء

☆ مجلس احرار اسلام تلہ گنگ کے کارکن جناب محمد عنایت کا نو عمر بیٹا، انتقال: نومبر ۲۰۰۴ء ☆ حاجی محمد صادق مرحوم، برطانیہ

☆ مجلس احرار اسلام گڑھا موڑ چک ۹۶ (میلسی) کے کارکن حاجی محمد اقبال کے والد حاجی حسن دین مرحوم انتقال: رمضان المبارک ۱۴۲۵ھ

احباب و قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے دعائے مغفرت اور ایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں۔

اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین (ادارہ)

دعائے صحت

☆ بنت امیر شریعت سیدہ اُم کفیل مدظلہا علیل ہیں۔ ☆ اہلیہ محترمہ جناب عبدالرحمٰن جامی نقشبندی (جلال پور پیروالا)

☆ ہمارے دیرینہ کرم فرما محترم پروفیسر محمود الحسن قریشی (ملتان) کے گردے کا آپریشن ہوا ہے۔

☆ مجلس احرار اسلام برطانیہ کے رہنما جناب شیخ عبدالواحد کی والدہ ماجدہ ☆ والدہ ماجدہ شفیع الرحمٰن احرار (ناظم مجلس احرار اسلام کراچی)

☆ مجلس احرار اسلام شہلی غربی (حاصل پور) کے ناظم جناب حافظ محمد کفایت اللہ کچھ عرصہ سے شدید علیل ہیں۔

احباب و قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مریضوں کی شفایابی کے لیے دعا فرمائیں۔